## علامہ اقبال نے اپنے آفاقی کلام کے ذریعے محروم عوام کوظلم وجبر نظام کے خلاف عملی جدوجہد اور قومی خودداری کیلئے فکروعمل کا درس دیا، الطاف حسین

## علامہ اقبال مذہبی وفرقہ وارانہ نفرتوں اور تعصبات سے پاک تھے اور تمام مذاہب اور عقائد کا احترام کرتے تھے

## ایم کیوایم علامہ اقبال کے پیغام پرعمل کرتے ہوئے محروم ومظلوم عوام کو ہرقسم کے ظلم وجبر اور ناانصافیوں سے نجات دلاکر ملک وقوم کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنا چاہتی ہے

## وقت آگیا ہے کہ ملک کے عوام علامہ اقبال کے انقلابی اور آفاقی پیغام کو سامنے رکھتے ہوئے ظالمانہ نظام کے خاتمہ اور ملک کو غیروں کی غلامی اور بھیک کے کشکول سے نجات دلانے کیلئے میدان عمل میں آکر عملی جدوجہد کریں

## شاعرمشرق علامہ اقبال کے 133ویں یوم پیدائش پر پیغام

لندن۔۔۔8،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ حکیم الامت ،شاعرمشرق علامہ اقبال نے اپنے آفاقی کلام کے ذریعے محروم عوام کوظلم وجبر کے نظام کے خلاف عملی جدوجہداور قومی خودداری کیلئے فکروعمل کا درس دیا ہے۔133ویں اقبال ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ علامہ اقبال ایک آفاقی شاعر تھے،ان کی شاعری جغرافیائی سرحدوں سے بے نیازتھی۔علامہ اقبال مذہبی وفرقہ وارانہ نفرتوں اور تعصّبات سے پاک تھے اور تمام مذاہب اور عقائد کا احترام کرتے تھے جس کا ثبوت انکی شاعری میں جابجاملتا ہے۔علامہ اقبال انسانوں کے درمیان طبقاتی تفریق کے خاتمہ اور انصاف ومساوات کے قیام پر یقین رکھتے تھے۔انہوں نے اپنی شاعری میں بھی محروم عوام کوفرسودہ نظام کے خلاف نبردآزما ہونے،ظلم کے آگے نہ جھکنے اور حق وسچ کی جدوجہد کا پیغام دیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم علامہ اقبال کے پیغام پرعمل کرتے ہوئے ملک کے محروم ومظلوم عوام کو ہرقسم کے ظلم وجبر اور ناانصافیوں سے نجات دلاکر ملک وقوم کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنا چاہتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ ملک کے عوام علامہ اقبال کے انقلابی اور آفاقی پیغام کو سامنے رکھتے ہوئے ظالمانہ نظام کے خاتمہ اور ملک کو غیروں کی غلامی اور بھیک کے کشکول سے نجات دلانے کیلئے میدان عمل میں آکر عملی جدوجہد کریں۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی مسلم لیگ ن کے رہنما مخدوم جاوید ہاشمی سے ٹیلیفون پر گفتگو

## الطاف حسین نے مخدوم جاوید ہاشمی کی خیریت دریافت کی اور علالت کے باوجود ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم میں شرکت کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا

## مخدوم جاوید ہاشمی کی اصولی جدوجہد کو ہر فرد قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔الطاف حسین

## مخدوم جاوید ہاشمی نے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر الطاف حسین سے تعزیت کی

## تمام سیاسی کارکنان اور پوری قوم مخدوم جاوید ہاشمی کی مکمل صحتیابی کیلئے دعا کرے۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔ 8 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما مخدوم جاوید ہاشمی سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔

مخدوم جاوید ہاشمی نے جناب الطاف حسین سے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے مخدوم جاوید ہاشمی سے کہا کہ زمانہ ءطالبعلمی سے آج تک آپ کی پوری زندگی اصولوں کی خاطر عملی جدوجہد میں گزری،اس دوران آپ کو جھوٹے مقدمات میں جیل بھی بھیجا گیا مگر آپ نے اپنے اصول نہیں چھوڑے،آپ کی اس اصولی جدوجہد کو ہر فرد قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔جناب الطاف حسین نے علالت کے باوجود ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم میں شرکت کرنے پر مخدوم جاوید ہاشمی کا شکریہ ادا کیا اور ان کی مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی اور ان سے کہا کہ وہ اپنی صحت کا مکمل خیال رکھیں۔جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی کارکنوں اور پوری قوم سے اپیل کی کہ وہ مخدوم جاوید ہاشمی کی مکمل صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے زیر اہتمام لندن میں قرآن خوانی کا اجتماع

## سوئم کے اجتماع میں پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما مخدوم جاوید ہاشمی، پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن،

## مسلم لیگ ن یو کے کے صدر زبیر گل، پیٹر برا کے سابق میئر چوہدری محمد ایوب، لیبر کونسلر محترمہ ذکیہ زبیری، کوئنز کونسل صبغت اللہ قادری،

## انسانی حقوق کے رہنما انصار برنی، ممتاز لوک فنکار عطاء اللہ عیسیٰ خیلوی اور دیگر شخصیات کی شرکت

## سوئم میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی چھوٹی ہمشیرہ، بہنوئی، اراکین رابطہ کمیٹی، یو کے یونٹ کے کارکنوں

## اور سینکڑوں پاکستانی نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں کی شرکت

لندن --- 8 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیو ایم کے زیر اہتمام لندن میں قرآن خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا جس میں شہید رہنما کی چھوٹی ہمشیرہ، بہنوئی، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، یو کے یونٹ کے کارکنوں اور سینکڑوں پاکستانی نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں نے شرکت کی اور شہید رہنما کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ سوئم کے اجتماع میں دیگر لوگوں کے علاوہ پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی مخدوم جاوید ہاشمی، پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن، مسلم لیگ ن یو کے کے صدر زبیر گل، پیٹر برا کے سابق میئر چوہدری محمد ایوب، لیبر پارٹی سے تعلق رکھنے والی کونسلر محترمہ ذکیہ زبیری، کوئنز کونسل صبغت اللہ قادری، انسانی حقوق کے رہنما انصار برنی، ممتاز لوک فنکار عطاء اللہ عیسیٰ خیلوی، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے نمائندوں، کالم نگاروں اور دیگر شخصیات نے شرکت کی۔ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے سوئم میں لندن کے علاوہ برمنگھم، مانچسٹر، شیفیلڈ، گلاسگو اور دیگر علاقوں سے بھی ایم کیو ایم کے کارکنان اور ہمدرد پاکستانی شریک ہوئے۔ قرآن خوانی کے بعد ممتاز شخصیت حافظ مسرور نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی۔

## ڈاکٹر عمران فاروق نے اپنی جماعت کیلئے جو قربانیاں دی ہیں وہ تمام سیاسی کارکنوں کیلئے مشعل راہ ہیں۔ مخدوم جاوید ہاشمی

## ڈاکٹر عمران فاروق جیسے رہنما یقیناً کسی بھی تحریک کا اثاثہ ہوا کرتے ہیں جو دوسروں کیلئے مثال بن جاتے ہیں

## لندن میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم کے موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو مخدوم جاوید ہاشمی کا خراج عقیدت، شہید رہنما کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی

## رابطہ کمیٹی کا علالت کے باوجود سوئم میں شرکت کرنے پر مخدوم جاوید ہاشمی سے دلی تشکر کا اظہار، مخدوم جاوید ہاشمی کی صحتیابی کیلئے دعا کی گئی

لندن --- 8 نومبر 2010ء

پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی مخدوم جاوید ہاشمی نے ایم کیو ایم کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر عمران فاروق نے اپنی جماعت کیلئے جو قربانیاں دی ہیں وہ تمام سیاسی کارکنوں کیلئے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے یہ بات لندن میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم کے موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ مخدوم جاوید ہاشمی اپنی علالت کے باوجود ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم میں شرکت کیلئے آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق جیسے رہنما یقیناً کسی بھی تحریک کا اثاثہ ہوا کرتے ہیں جو دوسروں کیلئے مثال بن جاتے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اپنی جانب سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور تمام کارکنوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور شہید رہنما کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مخدوم جاوید ہاشمی کی عیادت کی اور علالت کے باوجود سوئم میں شرکت کرنے پر ان سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مخدوم جاوید ہاشمی کی صحتیابی کیلئے بھی دعا کی گئی۔

## چینی کی قیمتوں میں اضافہ اورذخیرہ اندوزی کاعمل غریب عوام سے جینے کا حق چھین لینے کے مترادف ہے، ارکان قومی اسمبلی
## چینی کی رعایتی نرخ پرفراہمی یقینی بنائی جائے

کراچی۔۔۔8،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی سمیت ملک بھرمیں چینی کی قیمتوں میں اضافے اور ذخیرہ اندوزی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوراس عمل کو غریب عوام سے جینے کا حق چھین لینے کے مترادف قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام پہلے ہی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں،بجلی،گیس، پانی، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اورمہنگائی کے سبب دن بہ دن بدحالی کا شکار ہورہے ہیں لیکن ارباب اختیار واقتدار کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ناجائز منافع خوری کی لت کے باعث چینی کا بحران ملک بھرمیں پیدا ہوا ہےاوراس میں ملوث بااثر افراد کسی طرح بھی ملک وقوم سے مخلص نہیں ہوسکتے اور پے در پے بحران پیدا کرکے ملک بھر کے عوام کے سامنے مسائل کے انبار لگارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی سمیت ملک بھرمیں چینی کی قیمتوں میں اضافے اور ذخیرہ اندوزی کا سختی سے نوٹس لیا جائے،چینی کی رعایتی نرخ پرفراہمی یقینی بنائی جائے اورذخیرہ اندوزی میں ملوث بااثر افراد کے خلاف سخت ترین اور بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## جیکب آباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ٹاؤن ہال میں دوروزہ مفت طبی کیمپ کاانعقاد

جیکب آباد۔۔۔8،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام جیکب آباد کے ٹاؤن ہال میں دوروزہ مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔یہ طبی کیمپ دونوں دن صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہا جہاں ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے ماہرڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے خواتین، بزرگ،بچوں اورنوجوان مریضوں کاتفصیلی چیک اپ کیا اور بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔طبی کیمپ پر دونوں دن مریضوں کا ہجوم دکھائی دیا اوراس سے مجموعی طور پر ہزاروں افراد مستفید ہوئے۔ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد مرید،اراکین محمد عسکری اور خالد بگھیو نے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور مریضوں کوفراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے طبی کیمپ پرخدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا اورانسانیت کی بےلوث خدمت کے جذبے کی تعریف کی۔ طبی سہولیات سے مستفید ہونے والے افراد نے طبی سہولیات کی فراہمی پرخدمت خلق فاؤنڈیشن سے دلی تشکر کا اظہار کیا اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## تنظیم نو کے سلسلے میں تحصیل لودھراں، کہروڑپکا اوردنیاپور کے تحصیل انچارجز اوراراکین کے ناموں کا اعلان کردیا گیا
## جناب الطاف حسین ہی ملک وقوم کی تقدیر بدل سکتے ہیں،راؤ محمد خالد

ملتان۔۔۔8،نومبر 2010ء

لودھراں میں ایم کیوایم کی تحصیل کمیٹیوں کی تنظیم نو کے سلسلے میں گزشتہ روز جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا جس میں کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تحصیل لودھراں، کہروڑپکا اوردنیاپور کے تحصیل انچارجز اوراراکین کے ناموں کا اعلان کیا گیا۔یہ اعلان ایم کیوایم لودھراں کے ڈسٹرکٹ انچارج ڈاکٹرمعراج الحق نے کیا اورنومنتخب ذمہ داران کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر ایم کیوایم ملتان زون کے جوائنٹ زونل انچارج راؤ محمد خالد اورزونل کمیٹی کے رکن ڈاکٹر اکرم علی بھی موجود تھے۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم ملتان زون کے جوائنٹ انچارج راؤ محمد خالد نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ہی پاکستان کی تقدیر بدل سکتے ہیں کیونکہ ملک میں واحد شخصیت جناب الطاف حسین کی ہے جوصدر یا وزیراعظم بننا نہیں چاہتے بلکہ پاکستان کے محروم،مظلوم اور پسے ہوئے عوام کوان کے حقوق دلانے کی عملی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب میں ایم کیوایم کا فکروفلسفہ تیزی سے فروغ پارہا ہے،13 اضلاع کی ضلعی کمیٹیوں اورتحصیل کمیٹیوں کی تنظیم نو پہلے ہی کردی گئی ہےاوراب یونین کونسل کی سطح پر یونٹس قائم کئے جارہے ہیں۔اجلاس میں شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کی مغفرت کیلئے دعا کی گئی اوران کی تحریکی خدمات پرانہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔۔۔۔8نومبر،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ 12 کے کارکن فہیم الدین کے والد ضروز الدین اور ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی اولڈ ملیر سیکٹر کے سیکٹر انچارج سلیم جوکھیو کی ہمشیرہ محترمہ خالدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆